www.saharaexpressdaily.com sahaaraexpressdelhi123@gmail.com ● saharaexpress123@gmail.com ● saharaexpressnews@gmail.com

Urdu Daily Published From
Delhi,Patna&Ranchi



روزنامہ دہلی
# سہارا ایکسپریس
SAHARA EXPRESS,DELHI

No-1 SE

TITLE APPLY Vol:01 Issue:161 18.06.2025 WEDNESDAY Re.02 Page:08

جلدنمبر:01 شمارہ:۱۶۱/ بدھ/ ۱۸/جون ۲۰۲۵/مطابق/۲۱/ذی الحجہ/۱۴۴۶ھ/ صفحات:08

# اسرائیل اور ایران کے درمیان جنگ ایک نئے موڑ پر



تل ابیب/تہران/یروشلم، 17 جون (یو این آئی) اسرائیل اور ایران کے درمیان جنگ ایک نئے موڑ پر پہنچ گئی ہے جس میں ایران کے فوجی سربراہ شادمانی کے مارے جانے کا دعویٰ کیا گیا ہے۔ اسرائیل نے اپنے دعوے میں کہا ہے کہ ایران کے وار ٹائم چیف آف اسٹاف اور اسلامی جمہوریہ کے اعلیٰ ترین افسروں میں سے ایک علی شادمانی کو مار دیا گیا ہے۔ اسرائیل نے تہران میں اس کے سرکاری میڈیا آئی آر آئی بی نیوز کے ہیڈ کوارٹر کو نشانہ بنایا ہے۔ اسرائیلی حملوں میں اب تک 227 ایرانی شہری ہلاک ہو چکے ہیں۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے پیر کے روز آئی آر آئی بی نیوز ہیڈ کوارٹر پر اسرائیلی حملے کی تصدیق کرتے ہوئے اسے جرم قرار دیا۔ انہوں نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل پر زور دیا ہے کہ وہ اسرائیلی حملے کو روکے۔ بقائی نے ایکس پر کہا، اسرائیل نے سرکاری ٹیلی ویژن اور ریڈیو کمپنی پر حملہ کر کے ایک اور گھناؤنا جرم کیا ہے اور سلامتی کونسل کو ایران کے عوام پر حملوں کو روکنے کے لیے اپنی ذمہ داری پوری کرنی ہوگی۔" دوسری جانب اسرائیلی وزیر اعظم بنجمن نیتن یاہو نے ایران کے خلاف جاری جنگ کو ایران کو اس کے برے حکمرانوں سے نجات دلانے کی مہم قرار دیتے ہوئے کہا کہ ان کے دن اب ختم ہو گئے ہیں اور وہاں آزادی کی مشعل روشن ہو چکی ہے۔ مسٹر نیتن یاہو نے کہا کہ اسرائیل کی فوجی کارروائی اس کے لوگوں کو اسلامی جمہوریہ کا تختہ الٹنے کا موقع فراہم کر رہی ہے۔ ایک اور متعلقہ پیش رفت میں، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے تہران کے لوگوں سے شہر خالی کرنے کی اپیل کی ہے۔ مسٹر ٹرمپ نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ پر لکھا، "ایران کو اس معاہدے پر دستخط کرنا چاہیے تھا جو میں نے ان سے کرنے کو کہا تھا۔" انہوں نے کہا کہ میں نے بارہا کہا ہے کہ ایران کے پاس جوہری ہتھیار نہیں ہو سکتا۔ ہر کسی کو فوری طور پر تہران کو خالی کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ آسان الفاظ میں ایران کے پاس جوہری ہتھیار نہیں ہو سکتا۔ دوسری جانب ایران نے تبریز میں اسرائیل کا ایک ایف-35 لڑاکا طیارہ مار گرانے کا دعویٰ کیا ہے۔ مشرقی آذربائیجان کرائسز مینجمنٹ کے ڈائریکٹر جنرل ماجد فارشی نے منگل کو بتایا کہ تبریز کے ارد گرد تین مقامات کو نشانہ بنایا گیا اور فضائی دفاعی نظام سے اسرائیلی مائیکرو ایئر وہیکلز (ایم اے وی) پر حملہ









